**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Civics Paper I**

**Time: 1 hour 10 minutes Marks: 40**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 40 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ لوگوں کے مجموعے پر مشتمل معاشرے کا مشترکہ عنصر کیا ہے؟

A۔ ثقافت

B۔ علاقہ

C۔ حکومت

D۔ نسلی نسب

2۔ 'قوم'، کو **بہترین** طور پر درج ذیل کس طرح بیان کیا جا سکتا ہے؟

A۔ ایک علاقہ جو کسی حکومت کے زیرِ نگرانی ہو

B۔ لوگوں کا ایک ایسا مجموعہ جن کی مشترکہ تاریخ ہو

C۔ ایسی ریاستیں جو مشترکہ سیاسی ایجنڈا رکھتی ہوں

D۔ ایک ہی برِاعظم میں رہنے والے ممالک کا مجموعہ ہو

3۔ علمِ شہریت کی رُو سے لوگوں کو ایک خاندان کب تصور کیا جاتا ہے؟

A۔ جب وہ قانونی طور پر بندھے ہوئے ہوں

B۔ جب وہ ہمیشہ ساتھ سفر کرتے ہوں

C۔ جب وہ ایک ہی چھت کے نیچے رہتے ہوں

D۔ جب وہ ایک دوسرے کی صحبت سے لطف اندوز ہوتے ہوں

4۔ درج ذیل میں سے کون سا انتخاب توسیعی خاندان کی عکاسی کرتا ہے؟

A۔ میاں بیوی

B۔ ماں اور بچے

C۔ والدین اور بچے

D۔ دادا دادی، والدین، بچے اور چچا

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

5۔ پرائمری اسکول کے اساتذہ ہمیشہ والدین کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اپنے بچوں کی بہتر ذہنی نشو ونما کے لیے ان کے ساتھ مشغول رہیں۔

دیے گئے بیان میں خاندان کے کون سے کردار کی نشان دہی کی گئی ہے ؟

A۔ نفسیاتی
B۔ حیاتیاتی
C۔ معاشی
D۔ سماجی

6۔ اسلم کا تعلق ایک ایسے گروہ سے ہے جن سے وہ ہفتے میں ایک بار ملتا ہے۔ یہ ممبران ایک دوسرے کے ساتھ جُڑے ہوئے ہیں کیوں کہ وہ کچھ راہ نما اصولوں کے تحت مشترکہ مقاصد رکھتے ہیں ۔

دی گئی صورتِ حال، درج ذیل کس عنصر کی طرف اشارہ کرتی ہے؟

A۔ قوم
B۔ خاندان
C۔ معاشرہ
D۔ برادری

7۔ برادری کا **بنیادی** تصور درج ذیل میں سے کس پر مبنی ہے؟

A۔ ہم دردی
B۔ یک جہتی
C۔ رواداری
D۔ انصاف

8۔ افراد کو معاشرے کا حصہ بننے کی ضرورت ہے تاکہ درج ذیل زندگی کے تمام پہلوؤں کو منظم کیا جاسکے، **ماسوائے**

A۔ نسل۔
B۔ اصول۔
C۔ ثقافت۔
D۔ رواج۔





AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

9۔ معاشروں کے وجود میں آنے کی اصل وجوہات کیا تھیں؟

A۔ جنگیں اور تنازعات

B۔ لوگوں کے درمیان اختلافات

C۔ افراد کی حقیقت پسندی

D۔ انسانوں کی ایک دوسرے پر منحصر ضروریات

10۔ وہ مضمون جس میں جمہوری طرزِ حکمرانی کا اِرتقا شامل ہو، کیا کہلاتا ہے؟

A۔ اخلاقیات

B۔ شہریت

C۔ تعلیم

D۔ عمرانیات

11۔ امت کا **بنیادی** تصور درج ذیل کس پر مبنی ہے؟

A۔ عقائد

B۔ زبان

C۔ سیاسی نظریہ

D۔ معاشی نظام

12۔ علمِ شہریت ایک شخص کو **بنیادی** طور پر اس قابل بناتا ہے کہ وہ

A۔ قوانین کو سمجھ سکے۔


B۔ پہلے سے رائج اصولوں پر اپنی رائے دے سکے۔

C۔ خود اعتمادی کو بڑھاوا دے سکے۔

D۔ ذاتی تنازعات کو حل کر سکے۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

13۔ درج ذیل میں سے کون سی تصویر علم شہریت کے براہِ راست اثر کو واضح کرتی ہے؟

| | |
|---|---|
|  |  |
| A | B |
|   |  |
| C | D |

14۔ اگر پاکستان میں ہر فرد کو شہریت کی تعلیم فراہم کی جائے تو اس سے درج ذیل تمام اہداف کے حصول میں بہت زیادہ مدد ملے گی، **ماسوائے**

A۔ حکومت کا احتساب۔

B۔ نظام میں شفافیت۔

C۔ عوام کی شرکت۔

D۔ نئے معاہدوں پر دستخط۔

15۔ ریاست کا وہ کون سا عنصر ہے جسے ایک تجریدی تصور (abstract concept) سمجھا جاتا ہے؟

A۔ علاقہ

B۔ آبادی

C۔ اقتدارِ اعلیٰ

D۔ حکومت

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

16۔ ریاست شہریوں کی زندگیوں میں اہم کردار ادا کرنے کے لیے **بنیادی** طور پر درج ذیل کیا فراہم کرتی ہے؟

A۔ رقم

B۔ حکمرانی

C۔ اقدار اور اصول

D۔ بنیادی کفالت

17۔ ایک لادینی ریاست (secular state) کی سب سے **اہم** خصوصیت کیا ہے؟

A۔ یہ الحادی مذہب کو فروغ دیتی ہے

B۔ ایسی ریاست میں اسلامی تعلیمات پر عمل کیا جاتا ہے

C۔ اس میں مذہبی اداروں کو ریاستی اداروں سے الگ کیا جاتا ہے

D۔ اس میں ٹیکس کو خدا کے نہ ماننے والے افراد کی بہتری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

18۔ درج ذیل خصوصیات کو پڑھیے۔

- خریدار اور بیچنے والے بازاروں میں آپس میں بات چیت کر کے اقتصادی لین دین کرتے ہیں۔
- کاروبار اور ملازمین منافع کمانے کے لیے اپنے ذاتی مفاد کو پورا کرنے کے لیے آزاد ہیں۔

دی گئی خصوصیات میں، درج ذیل کون سا معاشی نظام بیان ہوا ہے؟

A۔ صرف سرمایہ دارانہ

B۔ صرف اشتمالیت (communism)

C۔ سرمایہ دارانہ اور اشتراکیت

D۔ اشتراکیت اور اشتمالیت (communism)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

19۔ امل کو اپنے والد سے ایک بہت بڑا پولٹری فارم وراثت میں ملا ہے جہاں تقریباً 100 ملازمین کام کرتے ہیں۔ امل کے تمام ملازمین خوش رہتے ہیں کیوں کہ وہ اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ان کے کام کے اوقات کم ہوں اور انھیں ان کی تنخواہ وقت پر ملے۔

دیے گئے کاروبار میں درج ذیل کون سے معاشی نظام کو بیان کیا گیا ہے؟

A۔ صرف اشتراکیت

B۔ صرف سرمایہ دارانہ

C۔ اشتراکیت اور اشتمالیت (communism)

D۔ سرمایہ دارانہ اور اشتمالیت (communism)

20۔ وحدانی حکومتوں کے برعکس وفاقی حکومتوں کے پاس کیا ہوتا ہے؟

A۔ تحریری آئین

B۔ دو ایوانی مقننہ

C۔ جمہوری حکومت

D۔ پوری ریاست کے لیے قوانین کا واحد مجموعہ

21۔ درج ذیل میں سے کون سی خصوصیت بادشاہت اور آمریت میں مشترک **نہیں** ہے؟

A۔ موروثیت (hereditary)

B۔ واحد قیادت (single leadership)


C۔ صرف مخصوص گروہوں کا فروغ

D۔ شخصی آزادیوں کی عدم فراہمی

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

22۔ ذیل میں 1973 کے آئین کے تحت پاکستان میں حکومتی درجہ بندی کا ڈھانچہ دیا گیا ہے۔




دیے گیے ڈھانچے میں 'X' حکومت کی کون سی شاخ/شاخوں کو ظاہر کر رہا ہے؟

A۔ صرف انتظامیہ
B۔ صرف مقننہ
C۔ انتظامیہ اور عدلیہ
D۔ مقننہ اور عدلیہ

23۔ ملک Y آنے والی نسلوں کے لیے اپنے قدرتی وسائل کو برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے۔ اس مقصد کے لیے وہ ری سائیکلنگ (recycling) اور محدود وسائل کے بہترین استعمال سے متعلق قوانین بنا رہا ہے۔

دی گئی معلومات میں اچھے طرزِ حکمرانی کی کون سی خصوصیت کا ذکر کیا گیا ہے؟

A۔ احتساب
B۔ اتفاق رائے پر مبنی فیصلے
C۔ مساوات اور شمولیت
D۔ مؤثر اور کارگر ثابت ہونا

24۔ ایک حکومت کو مختلف قسم کی اہم معلومات تک رسائی حاصل ہے۔ اداروں کو متعلقہ معلومات فراہم کرنے سے انھیں درج ذیل کس چیز میں مدد ملے گی؟

A۔ منظم ہونے میں
B۔ اپنے فیصلوں کے نفاذ میں
C۔ حکومتی امور میں حصہ لینے میں
D۔ درست فیصلے اور سرمایہ کاری کرنے میں

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

25۔ کسی ملک میں شہری بڑھتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے مایوسی کا شکار ہیں۔ اس کے نتیجے میں وہ مختلف جرائم میں ملوث ہو رہے ہیں۔

ملک میں اچھی حکمرانی کے قیام کے لیے بنیادی سطح پر شہری، انفرادی طور پر کیا کردار ادا کرسکتے ہیں؟

A۔ قانون کا احترام اور اس پر عمل کریں

B۔ نظام میں خامیوں کی نشان دہی کریں

C۔ کوئی بھی فیصلہ لینے سے پہلے لوگوں سے مشورہ کریں

D۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام فریقین (stakeholders) جواب دہ ہوں

26۔ درج ذیل خصوصیات کو پڑھیے۔

- اختیارات کی تقسیم متعین کرنا
- کسی ملک کے قومی اہداف کا تعین کرنا
- حکومت کا بنیادی ڈھانچہ تشکیل دینا

دی گئی خصوصیات درج ذیل کس عنصر کو بیان کر رہی ہیں؟

A۔ قوم

B۔ معاشرہ

C۔ آئین

D۔ خارجہ پالیسی

27۔ ایک آئین جو کسی ایک دستاویز کی شکل میں موجود نہیں ہے، لیکن بنیادی طور پر رواج پر مبنی ہے اوراس میں آسانی سے ترمیم کی جا سکتی ہے، کیا کہلاتا ہے؟

A۔ تحریری اور سخت آئین

B۔ غیر تحریری اور سخت آئین

C۔ تحریری اور لچک دار آئین

D۔ غیر تحریری اور لچک دارآئین

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

28۔ انتظامیہ، مقننہ اور عدلیہ میں اختیارات ایک ارتقائی عمل (evolutionary process) کے ذریعے طے کیے گئے ہیں۔ لہٰذا، ان شاخوں میں کوئی واضح تقسیم بتائی نہیں جاتی، اختیارات کی اس تقسیم کی بنیاد کسی بھی رواج پر منحصر ہے۔

دی گئی تفصیل، آئین کی کون سی قسم کو ظاہر کرتی ہے؟

A۔ سخت
B۔ لکھا ہوا
C۔ لچک دار
D۔ غیر تحریری

29۔ ایک فرد اور ریاست کے درمیان تعلق کو کیا کہا جاتا ہے؟

A۔ اتحاد
B۔ حب الوطنی
C۔ شہریت
D۔ جمہوریت

30۔ درج ذیل میں سے کون سی خصوصیت آج کے دور کے شہریوں کے لیے **درست** ہے؟

A۔ تمام شہری اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں
B۔ شہری حکمرانی کا حصہ ہیں
C۔ شہریوں کے لیے سیاسی وابستگی لازمی ہے
D۔ شہری اپنی ریاست کے ساتھ مستقل تعلق بنانے کے پابند ہیں

31۔ مسٹر اور مسز زبیر ریاست **X** کے شہری ہیں جب کہ ان کا بچہ ریاست **Y** میں پیدا ہوا تھا۔ اس لیے بالآخر بچہ ملک **X** کا شہری بن گیا۔

دی گئی صورتِ حال، شہریت کے حوالے سے کون سے قانونی نظام کو ظاہر کر رہی ہے؟

A۔ صرف جوس سانگوینی (jus sanguini only)
B۔ صرف نیچرلائزیشن (naturalisation only)
C۔ جوس سولی اور جوس سانگوینی (jus soli and jus sanguini)
D۔ جوس سولی اور نیچرلائزیشن (jus soli and naturalisation)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

32۔ کسی طاقت ور (authority) کے لیے جواب دہ ہونے کے عمل کو کیا کہا جاتا ہے؟

A۔ ارادہ

B۔ حق

C۔ اختیار

D۔ ذمہ داری

33۔ درج ذیل میں سے پاکستانی شہریوں کے لیے کون سا حق آئینی **نہیں** ہے؟

A۔ ووٹ کا حق

B۔ قانون سازی کا حق

C۔ نقل و حرکت کی آزادی کا

D۔ انجمن بنانے کی آزادی کا

34۔ ایک ریاست میں شہریوں کے حقوق کو یقینی اور محفوظ بنانے کی **بنیادی** ذمہ داری کس کی ہے؟

A۔ عدلیہ کی

B۔ صدر کی

C۔ پارلیمنٹ کی

D۔ وزیرِ اعظم کی

35۔ پاکستان میں بنیادی تعلیم مکمل کرنے کے بعد بھی طلبہ معاشی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ اس کے نتیجے میں طلبہ کی جانب سے اسکول چھوڑنے کی شرح بہت زیادہ ہے۔

دیے گئے مسئلے کے حل کے لیے، حکومتِ پاکستان درج ذیل کون سا **بنیادی** قدم اٹھا سکتی ہے؟

A۔ اساتذہ کی غیر حاضری پر قابو پایا جائے

B۔ طلبہ کو مفت کتابیں فراہم کی جائیں

C۔ اسکولوں میں اساتذہ کو پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جائے

D۔ درس و تدریس کے معیار کو بہتر بنایا جائے

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

36۔ فرض کیجیے، ایک شخص پاکستان میں کسی جرم کے خلاف کارروائی کے لیے حکومت کو حرکت میں لانا چاہتا ہے۔ اس صورتِ حال میں درج ذیل میں سے کون سا ادارہ ممکنہ طور پر **زیادہ پُراثر** پریشر گروپ (pressure group) کے طور پر مددگار ثابت ہو سکتا ہے؟

A۔ میڈیا

B۔ تاجر برادری

C۔ سیاسی جماعتیں

D۔ تعلیمی ادارے

37۔ راولپنڈی کی تاریخی جامعہ مسجد میں ایک مسلمان عالم ویکسین کی حمایت میں خطبہ دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پولیو ویکسین کے خلاف برسوں سے جھوٹا پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے۔

دی گئی تفصیل، رائے عامہ کی تشکیل کے کون سے ذریعے کو ظاہر کر رہی ہے؟

A۔ میڈیا

B۔ سیاسی جماعتیں

C۔ مذہبی راہ نما

D۔ تعلیمی ادارے

38۔ لوگوں کا وہ گروہ جو حکومت کا حصہ بنے بغیر مخصوص پروپیگنڈے کو مؤثر طریقے سے فروغ دے سکتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟

A۔ ماہرین اقتصادیات

B۔ قانون بنانے والے

C۔ صنعت کار

D۔ سیاسی جماعتیں

39۔ انتخابی نظام کی **بہترین** تعریف کیا ہو سکتی ہے؟

A۔ انتخابی مہم کی منصوبہ بندی

B۔ ووٹنگ مراکز کے لیے بجٹ سازی کا عمل

C۔ ووٹ جمع کرنے اور گننے کا طریقہ

D۔ انتخابات کے دن سیکورٹی کی فراہمی

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

40۔ 1973 کے آئین کے تحت، پاکستان کی پارلیمانی ایوانوں کی کل تعداد کتنی ہے؟

A۔ ایک

B۔ دو

C۔ تین

D۔ چار

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only